مسابقہ - مخیم تزکیہ پروگرام (20 جنوری2017)

(منهج الأنبياء دعوت الإرشاد، كويت)

1. سوال : سب سے بڑا کون ہے؟
جواب : سب سے بڑا اللہ تعالی ہے -

2. سوال : ہمارا رب کون ہے ؟
جواب : ہمارا رب اللہ تعالی ہے -

3. سوال : سب کا خالق کون ہے ؟
جواب : سب کا خالق اللہ تعالی ہے -

4. سوال : دنیا کا نظام کون چلاتا ہے ؟
جواب : دنیا کا نظام اللہ چلاتا ہے -

5. سوال : سب کا مالک کون ہے ؟
جواب : سب کا مالک اللہ تعالی ہے -

6. سوال : اللہ تعالی کہاں ہے ؟
جواب : اللہ تعالی عرش پر ہے -

7. سوال : اللہ تعالی کا عرش کہاں ہے ؟
جواب : اللہ تعالی کا عرش ساتوے آسمان کے اوپر ہے -

8. سوال : کیا اللہ تعالی کا عرش آسمان اور زمین سے بڑا ہے ؟
جواب : ہاں اللہ تعالی کا عرش آسمان اور زمین سے بہت بڑا ہے -

9. سوال : رحمن کے معنی کیا ہیں ؟
جواب : رحمن کے معنی ہیں بہت رحم کرنے والا۔

10. سوال : رحمن کس کا نام ہے ؟
جواب : رحمن اللہ کا نام ہے -

11. سوال : کیا اللہ تعالی کے اور بھی نام ہیں ؟
جواب : ہاں اللہ تعالی کے اور بھی بہت سے اچھے اچھے نام ہیں -

12. سوال : اسماء حُسنی کا معنی کیا ہے ؟
جواب : اللہ کے اچھے اچھے ناموں کو اسماء حُسنی کہتے ہیں -

13. سوال : اسماء حُسنی یاد کرنے کی فضیلت کیا ہے ؟
جواب : اللہ کے ناموں میں سے ۹۹ نام ایسے ہیں جو انہیں یاد کرے گا وہ جنت میں جائے گا۔

14. سوال : اللہ نے ہمیں کیوں پیدا کیا ہے ؟
جواب : اللہ نے ہمیں اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ۔

15. سوال : سب سے بڑی نیکی کیا ہے ؟
جواب : توحید سب سے بڑی نیکی ہے ۔

16. سوال : توحید کسے کہتے ہیں ؟
جواب : توحید کا معنی ہے ایک اللہ کی عبادت کرنا ۔

17. سوال : کلمہ توحید کیا ہے ؟
جواب : (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ) کلمہ توحید ہے ۔

18. سوال : کلمہ توحید (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ) کا معنی کیا ہے ؟
جواب : کلمہ توحید (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ) کا معنی ہے کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں ہے ۔

19. سوال : کلمہ توحید کی فضیلت کیا ہے ؟
جواب : جو شخص کلمہ توحید پڑھ کر دنیا سے جائے گا وہ جنت میں جائے گا ۔

20. سوال : سب سے بڑا گناہ کیا ہے ؟
جواب : شرک سب سے بڑا گناہ ہے ۔

21. سوال : شرک کا معنی کیا ہے ؟
جواب : شرک کا معنی ہے عبادت میں اللہ کے ساتھ کسی اور کو شریک کرنا ۔

22. سوال : شرک کرنے والے کو اللہ کیا سزا دے گا ؟
جواب : شرک کرنے والے کو اللہ جنت سے محروم کر دے گا اور ہمیشہ کے لیے جہنم میں ڈال دے گا۔

23. سوال : کیا اللہ شرک کرنے والے کو کبھی معاف نہیں کرے گا ؟
جواب : شرک کرنے والے کو اللہ کبھی معاف نہیں کرے گا ۔ ہاں اگر وہ سچے دل سے توبہ کرے گا تو اللہ اسے معاف کر دے گا ۔

24. سوال : اللہ کے سوا مشرک لوگ کس کی عبادت کرتے ہیں ؟
جواب : کچھ مشرک بت ، سورج ، چاند ، ستاروں کی پوجا کرتے ہیں اور کچھ فرشتوں اور جنات کی عبادت کرتے ہیں تو کچھ مشرک نبیوں ، ولیوں اور مزاروں کی پرستش کرتے ہیں ۔

25. سوال : مشرک عام طور پر غیر اللہ کی کیا عبادت کرتے ہیں ؟
جواب : کوئی پوجا پاٹ کرتا ہے ، کوئی غیر اللہ کو سجدہ کرتا ہے ، کوئی اس سے دعا کرتا ہے، کوئی آستانہ پر جانور ذبح کرتا ہے ، کوئی نذر ونیاز کرتا ہے ، یہ سب شرک ہے ۔

26. سوال : ہمارا دین کیا ہے ؟
جواب : ہمارا دین اسلام ہے ۔

27. سوال : اسلام کا معنی کیا ہے ؟
جواب : اسلام کا معنی ہے اللہ کی بات ماننا ۔

28. سوال : دین اسلام کی چند خوبیاں کیا ہیں ؟
جواب : اسلام ساری دنیا کے لیے رحمت ہے۔
اسلام اللہ کا پسندیدہ دین ہے ۔
اسلام مکمل اور آسان دین ہے ۔
اسلام تمام نبیوں کا دین ہے ۔

29. سوال : کیا جنت میں جانے کے لیے اسلام کو ماننا ضروری ہے ؟
جواب : ہاں جنت میں جانے کے لیے اسلام کو ماننا ضروری ہے ۔ اسلام کو مانے بغیر جنت میں جانا ممکن نہیں ۔

30. سوال : اسلام کی بنیادیں کیا ہیں ؟
جواب : اسلام کی بنیاد **5** چیزوں پر ہے :
۱. کلمہ شہادت - **(** أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ **)** کا اقرار کرنا ۔
۲. نما ز قائم کرنا ۔
۳. زکاۃ ادا کرنا ۔
۴. رمضان کے روزے رکھنا ۔
۵. حج کرنا ۔

31. سوال : ہمارے نبی کا نام کیا ہے ؟
جواب : ہمارے نبی کا نام محمد ﷺ ہے ۔

32. سوال : ہمارے نبی محمد ﷺ کے ماں باپ کا نام کیا ہے ؟
جواب : ہمارے نبی محمد ﷺ کی ماں کا نام آمنہ اور باپ کا عبداللہ ہے ۔

33. سوال : ہمارے نبی محمد ﷺ کہاں پیدا ہوئے ؟
جواب : ہمارے نبی محمد ﷺ مکہ میں پیدا ہوئے ۔

34. سوال : مکہ کہاں ہے ؟
جواب : مکہ ملک عرب میں ہے ۔

35. سوال : محمد ﷺ کو اللہ نے نبی اور رسول کب بنایا ؟
جواب : جب آپ کی عمر چالیس سال کی ہوئی تو اللہ نے آپ کو نبی اور رسول بنایا ۔

36. سوال : ہمارے نبی محمد ﷺ مکہ والوں کو کیا سکھاتے تھے ؟
جواب : ہمارے نبی محمد ﷺ مکہ والوں کو اللہ کی باتیں سکھاتے تھے ۔

37. سوال : کیا مکہ والوں نے ہمارے نبی محمد ﷺ کی بات مان لی ؟
جواب : کچھ لوگوں نے آپ کی بات مان لی مگر اکثر لوگ آپ کے دشمن ہوگئے اور آپ کو اتنا ستایا کہ مجبوراً آپ کو مکہ چھوڑنا پڑا ۔

38. سوال : جب آپ ﷺ کو مکہ چھوڑنا پڑا تو آپ ﷺ نے کیا کیا ؟
جواب : آپ ﷺ کو جب مکہ چھوڑنا پڑا تو آپ نے اللہ کے حکم سے مدینہ کی طرف ہجرت کی ۔

39. سوال : ہجرت کسے کہتے ہیں ؟
جواب : دین کی خاطر گھر اور بستی کو چھوڑ کر کہیں اور چلے جانے کو ہجرت کہتے ہیں ۔

40. سوال : ہجرت کرنے والوں کو کیا کہتے ہیں ؟
جواب : ہجرت کرنے والوں کو مُہاجِرین کہتے ہیں ۔

41. سوال : انصار کن کو کہتے ہیں ؟
جواب : مدینہ کے مسلمانوں کو انصار کہتے ہیں اس لیے کہ انہوں نے مہاجرین کی مدد کی ۔

42. سوال : محمد ﷺ پر ایمان لانے کا مطلب کیا ہے ؟
جواب : آپ ﷺ پر ایمان لانے کا مطلب یہ ہے کہ :
۱. آپ ﷺ کی بتائی ہوئی تمام باتوں پر یقین کرنا ۔
۲. آپ ﷺ کے حکم پر عمل کرنا ۔
۳. آپ ﷺ نے جس کام سے منع کیا ہے اس سے رک جانا ۔
۴. اللہ کی عبادت آپ ﷺ کے بتائے ہوئے طریقہ پر کرنا ۔

43. سوال : صحابی کسے کہتے ہیں ؟
جواب : وہ لوگ جنہوں نے ہمارے نبی ﷺ سے ملاقات کی اور آپ پر ایمان لائے ۔

44. سوال : صحابہ کی فضیلت کیا ہے ؟
جواب : تمام صحابہ جنتی ہیں اور اللہ ان سے راضی ہے ۔

45. سوال : صحابہ میں سب سے افضل کون ہیں ؟
جواب : صحابہ میں سب سے افضل ابوبکر صدیق ہیں ۔

46. سوال : خلفاء راشدین کون ہیں ؟
جواب : خلفاء راشدین چار ہیں : **۱.** ابوبکر صدیق ۔ **۲.** عمربن خطاب ۔ **۳.** عثمان بن عفان ۔ **۴.** علی بن ابی طالب ۔

47. سوال : ایمان کسے کہتے ہیں ؟
جواب : اللہ اور رسول کی باتوں کو دل سے ماننا ، زبان سے اقرار کرنا اور اس کے مطابق عمل کرنا ۔

48. سوال : ایمان کے کتنے ارکان ہیں ؟
جواب : ایمان کے **6** ارکان ہیں :
۱. اللہ پر ایمان لانا ۔
۲. اللہ کے فرشتوں پر ایمان لانا ۔
۳. اللہ کی کتابوں پر ایمان لانا ۔
۴. اللہ کے رسولوں پر ایمان لانا ۔
۵. قیامت کے دن پر ایمان لانا ۔
۶. تقدیر پر ایمان لانا ۔

مزید معلومات کے لئے واٹساپ پر رابطہ کریں : 0096566060126